SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**May 26, 2017**

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے انٹر یونیورسٹی ٹریڈنگ مقابلہ جیتنے والوں کا اعلان کر دیا گیا

اسلام آباد(26 مئی)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے انویسٹر ایجوکیشن کے پروگرام جمع پونجی کے تحت انٹر یونی ورسٹی سٹاک مارکیٹ ٹریڈنگ کے مقابلے میں جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔اس مقابلے میں راولپنڈی اور اسلام آباد کی یونیورسٹیوں کے فنانس اور مینجمنٹ کے طلبہ نے بڑی تعداد میں حصہ لیا۔

اس ٹریڈنگ مقابلہ میں جیتنے والوں میں بحریہ یونیورسٹی کے عمر حسن، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے عیسیٰ مقصود اور نمل یونیورسٹی کے حسیب صداقت شامل ہیں۔ٹریڈنگ مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کو ایک اکھ روپے، دوسری پوزیشن کو پچھتر ہزار روپے اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے کو پچاس ہزار روپے انعام دیا گیا۔ایس ای سی پی نے یہ ٹریڈنگ مقابلہ عارف حبیب لمیٹڈ، الیکسر سکیورٹیز اور ٹاپ لائن سکیورٹیز کے تعان سے منعقد کیا۔ اس مقابلہ میں فاطمہ جناح یونیورسٹی، زیبسٹ، ہمدرد، بحریہ، انٹرنیشنل اسلامک، نمل، یونی ورسٹی آف لاہور کے اسلام آباد کیمپس اور آئی سی ایم اے کے چار سو پچاس طلبہ نے حصہ لیا۔

سٹاک مارکیٹ میں حصص کی عارضی ٹریڈنگ کا مقصد طلبہ کا ملک کی کیپٹل مارکیٹ اور ٹریڈنگ کے طریقہ کار سے آگہی فراہم کرنا ہے۔اس مقابلہ میں طلبہ کی دلچسپی کے پیش نظر ایس ای سی پی نے بارہ جون سے دوسرے انٹر یونیورسٹی ٹریڈنگ مقابلہ کا اعلان بھی کر دیا ہے۔دوسرے مقابلے میں رجسٹریشن کے لئے آخری تاریخ 8 جون ہے۔اس مقابلے میں شرکت کے لئے بنیادی اہلیت اور رجسٹریشن کی تفصیلات ایس ای سی پی کے ویب پورٹل جمع پونجی پر دی گئیں ہیں۔